# 11884 ـ عمرے کے لیے معذور شخص کے معاون کے اخراجات کون اٹھائے گا؟

## سوال

میں معذور مسلمان ہوں اور ان شاء اللہ اس سال عمرے کے لیے جاؤں گا، میں چاہتا ہوں کہ میرا بھائی مجھے جدہ سے لے کر مکہ اور مدینہ جائے، وہ بھی عمرہ کرنا چاہتا ہے، لیکن اس کا اصرار ہے کہ اپنے سفر کے اخراجات وہ خود ہی اٹھائے گا، واضح رہے کہ ہوٹل اور کھانے پینے سمیت دیگر اخراجات میں اٹھا رہا ہوں ، کیا میرا بھائی اپنے سفر کی ٹکٹ خود ادا کر سکتا ہے؟ یا یہ مجھ پر لازم ہے کہ میں اس کے سفر کے اخراجات بھی اٹھاؤں جیسے کہ میں نے دیگر اخراجات بھی برداشت کیے ہیں؛ کیونکہ وہ تو میری معاونت کے لیے آ رہا ہے۔

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر آپ اس کی ٹکٹ بھرتے ہیں تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں اور اگر وہ خود سفر کے اخراجات برداشت کرتا ہے تو ا س میں بھی کوئی حرج نہیں ہے؛ اور چونکہ وہ بھی اجر میں اپنا حصہ لینا چاہتا ہے تو اسے ٹکٹ اپنے خرچے سے خریدنے دیں، اور ان شاء اللہ آپ کی رفاقت اور معاونت کی وجہ سے اسے اجر ضرور ملے گا۔

اور آپ کو بھی اجر ملے گا کہ آپ نے بقیہ تمام اخراجات خود برداشت کیے ہیں۔

اللہ تعالی مزید کی توفیق دے۔

واللہ اعلم